4/03/2026 12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی میں امن و قانون کی صورتحال کو برقرار رکھنے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے پولیس افسروں کو ہائی الرٹ پر رہنے کی ہدایت دی ۔ ایل جی نے شہریوں اور کمیونٹی لیڈروں سے اس سلسلے میں اپنا مثبت رول ادا کرنے کی تاکید کی۔

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں پولیس اور سکیورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام کی ایک میٹنگ طلب کر کے جمونوکشمیرکی موجودہ سلامتی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے لوگوں سے امن و امان کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کی تاکید کی ہے۔جموں میں میڈیا نمائندوں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ امن میں رخنہ ڈالنے والوں کی کوشش کو ناکام بنایا جانا چاہئے۔

عمرعبداللہ نے کہا کہ ان کی سرکار وزارت خارجہ کے ساتھ قریبی رابطہ بنائے ہوئے ہے تاکہ ایران میں زیر تعلیم جمونو کشمیر کے طالب علموں کو محفوظ مقامات کی جانب منتقل کیا جا سکے۔

وزیر اعلیٰ ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے رابطہ دفتر جموں میں متعدد وفود اور افراد وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی ہوئے اور انہیں اپنی اپنی ترقیاتی ضرورت کے مسائل سے آگاہ کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت یوٹی کے تمام علاقوں میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے اور لوگوں کی راحت رسانی کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

ہولی

آج ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ یہ تہوار بدی پر نیکی کی فتح اور موسم بہار آنے کی عکاس ہے ۔ ہولی سماج کے مختلف طبقوں کے مابین اخوت، رواداری اور مساوات کے پیغام کو عام کرنے کا درس دیتا ہے ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر سی پ رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی ، لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے ہولی کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار سماج میں آپسی رواداری کے رشتوں کو مستحکم کرنے میں مدد دیتا ہے ۔

مبارک باد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے کہا ہے کہ رنگوں کا یہ تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کی عکاسی کر تا ہے۔ انہوننے امید ظاہر کی ہے کہ یہ دن عالمِ انسانیت کےلئے خوشحالی اور ترقی کی نوید لے کر آئے گا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کا بینی وزراءسکینہ ایتو اور ستیش شرما نے بھی لوگوں کو ہولی کی مبارکباد پیش کی۔

کشمیر وی کے بردی نے بھی ہولی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔ IGP

وائٹ نائٹ کور

فوج نے لائن آف کنٹرول پر بھمبر گلی علاقے میں سرحد پار کی دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنا دیا ہے ۔ وائٹ نائٹ کور کی طرف سے جاری اک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ فوج نے اس علاقے میں آج علی الصبح کچھ دہشت پسندوں کی نقل حمل دیکھی اور چوکس فوجیوں نے موثر کاروائی کر کے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنا دیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا ACB
کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز ACB نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں
سرینگر کو بتایا ۔

----S.K Pathak----

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشورنے ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی جائزہ میٹنگ کے دوران مشن یووا کے تحت 224 معاملات کو منظوری دی جس کی بدولت ضلعے میں مختلف سیکٹروں کے تحت ابھرتے ہوئے کارخانہ دار خود روزگار یونٹ قائم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسروں اور مالی اداروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے تمام لوازمات کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

کرکٹ

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کرکٹ کے پہلے سیمی فائنل میں آج کوکلکتہ کے ایڈن گارڈنز ICC مردوں کے سٹیڈیم میں ساوت افریقہ کا مقابلہ نیو زی لینڈ سے ہوگا ۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہو گا ۔

دوسرے سیمی فائنل میں کل ممبئی کے وانکھڑے سٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہو گا ۔

ٹورنامنٹ کا فائنل آٹھ مارچ کو احمد آباد کے نریندر مودی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****